# ذیلی منصوبہ برائے" کراچی میں قرب وجوار کی بہتری۔گزری"

## اہم خلاصہ

ES-1 حکومت سندھ عالمی بینک کے ساتھ ملکر" کراچی میں قرب وجوار کی بہتری" کے منصوبے کو نافذ کر رہی ہے۔اسکواب Karachi Neighborhood Improvement Project,(KNIP) کے نام سے پکارا جائیگا) اس منصوبے کا مقصد مقامی رہائشیوں کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات اور بہتر معیار زندگی کی فراہمی کے ساتھ ساتھ معیاری عوامی مقامات کی فراہمی کی ضروریات کو بھی مہیا کرنا ہے۔ان میں راہگیروں کیلیئے فٹ پاتھ،بغلی روڈ، گاڑیوں کو کھڑا کرنے کیلیئے لین،فوڈ اسٹریٹ پرسائبان اور فرنیچر کی مدد سے بہتری،گلیوں اور سبز قطعات کو منسلک کرنے کے کام شامل ہیں۔

ES-2 اس منصوبے کے بحیثیت مجموعی تین اہم ترین جز ہیں:۔

**جُزاول۔ منتخب شدہ قرب وجوار میں عوامی مقامات اورآمدورفت کی بہتری:**

اس جُز کا مقصد عوامی مقامات کے صحیح استعمال کو فروغ دینا اور اوراُن کے استعمال کیلیئے رغبت پیدا کرنا اورانکی حفاظت کا انتظام کرنا، راہگیروں کیلیئے چلنے پھرنے اور رسائی میں،اورٹریفک کے تحفظ کو بہتر بنانا ہے۔

**جُزدوئم۔ انتظامی خدمات اورشہری کارکردگی کی ترقی میں مدد کی فراہمی:**

اس جُز کا مقصد جُزاول میں ہونے والی سرمایہ کاری کی پائیدار اور مستحکم بنیادوں پر انجام پذیر ہونے میں مددفراہم کرنا، بہتر شہری نظم ونسق کیلیئے بنیادیں فراہم کرنا اور کراچی میں منتخب کردہ شہری خدمات کو دوررس بنیادوں پر بہتر بنانا ہے۔

**جُزسوئم: نفاذاورتکنیکی مدد میں تعاون فراہم کرنا:**

اس جُز کا مقصد منصوبے کے نفاذ کے یونٹ(Project Implemnting Unit)اورکراچی ٹرانسفارمیشن آپریٹنگ کمیٹی کو درکار تکنیکی تعاون اور مشاوراتی خدمات پر توجہ مرکوز رکھنا ہے۔

ES-3 گزری کے کھیلوں کے میدان کی بحالی نو اور ارتقاء کلفٹن ضلع جنوبی کراچی اور KNIP کے دوسرے حصے کے ذیلی منصوبے کا حصہ ہے۔

ES-4 اس ذیلی منصوبے کے تحت جو مخصوص تدارکی تدابیر شامل ہیں ان میں گزری کے کھیلوں کے موجودہ میدان کی بحالی نو اور بہتری شامل ہے۔اس میدان کو بحیثیت بیٹھنے کی جگہ اور زمینی تزئین کے عنصر، ایک چاردیواری/احاطہ والے فٹبال کے میدان کے طور پر استعمال کیا جائیگا۔موجودہ پویلین کی مکمل تزئین نو بمع تماشائیوں کے بیٹھنے کی جگہ بہتر سائبان: موجودہ پویلین کو بہتر بناتے ہوئے پڑوس کیلئے جمنازیم میں تبدیل کرنا، موجودہ پویلئن کے سامنے ٹیموں کے بیٹھنے کی جگہ کو مسمار کرکے از سرنو ڈیزائن کرنا: کھلاڑیوں کیلئے تمام متعلقہ سہولیات کی فراہمی کے ساتھ نئے پویلین کی تعمیر: اطراف کے رہائشیوں کیلئے بچوں کے کھیل کود کی جگہ: بیٹھنے کی دیگر جگہائیں، گیزبو (باغات میں بیٹھنے کیلئے تعمیر کردہ خوبصورت جگہائیں) اور KIOSK، دوڑنے کیلئے ٹریک اور روشنی فراہم کرنے کی اشیاء، دفتری عملے اور مہمانوں کیلئے مناسب پارکنگ کی جگہیں: زمین کی تزئین لطیف اور تعمیراتی آرائش: اور صدر دروازہ کا ڈیزائن بھی شامل ہیں۔ جبکہ پاس پڑوس کی گلیوں میں تدارکی تدابیر کے تحت روشنیوں کے انتظام کو بہتر بنانا ہے۔

ES-5 قانون برائے تحفظ ماحول سندھ 2014، ماحول کے تحفظ، بہتری، ماحول کو بچانے اور اس کی بحالی کیلئے لائحہ عمل فراہم کرتا ہے۔اور اس کے ساتھ ساتھ آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف کاروائی کرنے کیلئے قانونی اختیار فراہم کرتا ہے۔مزید براں اس کا مقصد عوام الناس کو عام آگاہی بھی فراہم کرنا ہے۔ایسے تمام مُضر مادوں، مائع جات وفضلہ جات کا اخراج اور فضائی آلودگی یا شور کا اس قدر بلند ہونا جو اس معیار ارتکاز یا اُس سطح سے زیادہ ہوں جو ادارہ تحفظ ماحول سندھ (Sindh Environmental Protection Agency) نے ماحولیاتی پیمانئہ معیارات سندھ (SEQS) میں مقرر کئے ہیں، وہ سب اس قانون کے تحت ممنوع قرار دیے دیئے گئے ہیں اور ان افراد کے خلاف جو اس قانون کی دفعات کی خلاف ورزیوں کے مرتکب ہوں گے، سزاؤں کا تعین بھی کیا گیا ہے۔

ES-6: عالمی بینک چاہتا ہے کہ بینک کو پیش کئے جانے والے تمام تر منصوبوں کا ماحولیاتی تجزیہ (EA) کیا جائے تا کہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ہو کہ یہ منصوبے ماحولیاتی اعتبار سے جامع اور پائیدار / مستحکم ہیں تا کہ بالاخر فیصلہ سازی کے طریقہ کار کو بھی بہتر بنایا جا سکے۔ اس ذیلی منصوبے نے بینک کی ماحولیاتی تشخیص کی پالیسی OP4.01 اور عالمی بینک کی معلومات تک رسائی کی پالیسی 2010 کو تحریک دی ہے۔ ESMP کے اس ذیلی منصوبے نے تمام مروجہ قوانین، ضوابط اور انتظامی حکمت عملیوں کی شرائط کو مکمل طریقے سے پورا کیا ہے۔ 2

ES-7: یہ ESMP رپورٹ اس ذیلی منصوبے کی تعمیراتی جائے وقوع کے حوالے سے جمع کئے گئے ہوا، پانی، زمین، ماحول کے حیاتیاتی، معاشی ومعاشرتی اجزاء، اس منصوبے کے اثرات کی نشاندہی، تجزیہ اور قدر پیمائی، اور اس منصوبے کے تحت مجوزہ تدارکی تدابیر کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی منفی اثرات کو کم سے کم رکھنے کیلئے ماحولیاتی نظم اور نگرانی کا لائحہ عمل پیش کرتی ہے۔

ES-8: ذیلی منصوبے کے مکمل جائزے کے بعد ماہرین کی ٹیم نے تفصیلی ماحولیاتی اور معاشرتی سروے انجام دیئے تا کہ ان ذیلی منصوبوں کے علاقوں کی بنیادی معلومات اکھٹی کی جاسکیں اس ماحولیاتی سروے کا نکتہ ارتکاز ان منصوبوں کے علاقوں کی مخصوص بنیادی معلومات حاصل کرنا تھا جس میں وہاں کے موسم، ہوا کے معیار اور شور کا تجزیہ، سایہ دار درختوں اور پھول دینے والے پودوں کی اقسام کی موجودگی، وہاں گاڑیوں کی آمد ورفت اور علاقے کی زمینی سطح کا مطالعہ شامل تھا۔ اس ESMP کے تحت ہوا اور شور کا جو معیار پیش کیا گیا ہے وہ ماحولیاتی پیمانہ معیارات سندھ (ESQS) کے مقرر کردہ معیارات کے مطابق ہی ہے۔ اس علاقے کے رہائشی افراد نے آگاہ کیا کہ وہ زیر زمین پانی کا استعمال نہیں کر رہے ہیں کیونکہ وہ زیادہ نمکین ہے جو کہ گھریلو استعمال کے پانی کیلئے مقررہ معیار سے زائد ہے۔

ES-9: اس ذیلی منصوبے کے بہت سے ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات بہت فائدہ مند ہونگے۔ بہر حال دوران تعمیراتی عمل، ماحولیاتی اور معاشرتی لحاظ سے کچھ منفی اثرات کا بھی احتمال ہے جس میں تعمیراتی

عمل کے دوران گرد وغبار اور مشینوں سے نکلنے والے دھوئیں کی وجہ سے گاڑیوں کی آمد ورفت اور نظم میں خلل پیدا ہونے والے عوامل شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اس بات کا بھی امکان ہے کہ تعمیراتی مشینوں سے گرنے والے مائع جات کی وجہ سے زیر زمین پانی کا معیار گر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایندھن، فضلہ جات کے غیر مناسب ضیاع، تعمیراتی مشینوں کے چلنے کی وجہ سے ممکنہ شور اور عوامی پریشانی کا بھی امکان موجود ہے۔

ES-10: اس ذیلی منصوبے کی مُدت تعمیر ٹھیکیدار سے مقررہ معاہدے کے مطابق ہوگی۔ کھیلوں کی سرگرمیاں کم سے کم متاثر ہوں اس لئے اس منصوبے کی تعمیر مرحلہ وار ہوگی۔ کیونکہ کھیل کے میدان کی انتظامیہ کو کوئی بھی معاشی کفالت حاصل نہیں ہے اس لئے ان کے پاس کھیلوں کے مقابلوں کے منعقد ہونے کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔ جب تک کہ پورے میدان میں کوئی ترقیاتی عمل جاری نہ ہو جیسے آسٹروٹرف گھاس وغیرہ بچھانا، اس وقت تک کھیلوں کی سرگرمیاں جاری رہ سکتی ہیں۔ کھلاڑیوں کی انجمن نے بھی مطلع کیا ہے کہ وہ اپنے کھیلوں کی سرگرمیاں اس طرح ترتیب دیں گے کہ کھیل کے میدان میں ہونے والے ترقیاتی کام کے دوران کوئی بھی مقابلے منعقد نہ کئے جائیں۔ عمومی مقابلوں کے دوران تقریباً 200 سے 500 تماشائی ان مقابلوں کو دیکھتے ہیں جبکہ فائنل مقابلوں کو دیکھنے کیلئے یہ تعداد 2000 سے 3000 تک پہنچ سکتی ہے۔ عمومی طور پر خواتین میدان میں بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے نہ تو فٹبال کے ان مقابلوں میں حصہ لیتی ہیں اور نہ ہی دیکھنے آتی ہیں۔

ES-11 زیر تعمیر حصے کو مناسب طریقے سے گھیر کر علیحدہ کیا جائیگا۔ کسی بھی قسم کی زحمت اور پریشانی سے بچنے کیلئے کھلاڑیوں اور تماشائیوں کو ایک صاف راستہ مہیا کیا جائیگا۔ سب کی آسانی کیلئے اطلاعاتی بینر اور سمت کی نشاندہی کیلئے ضروری نشانات بھی لگائے جائیں گے۔ تمام ممکنہ قسم کے ماحولیاتی اور معاشرتی اثرات کی مناسب تخفیفی اقدامات، انتظام اور ان کی نگرانی کے منصوبہ جات کی بھی ضرورت ہے جن پر رپورٹ میں ماحولیاتی اور معاشرتی نظم کے منصوبوں کے عنوانات کے تحت کافی تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

ES-12 منصوبہ برائے ماحولیاتی اور معاشرتی نظم (ESMP) پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت اور اس کے متعلقہ عوامل کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ اور COVID-19 کے پیش نظر صحت اور حفاظت کے اوپر تو خاص توجہ دیتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے، بیماریوں اور حادثات سے بچنے کیلئے تواتر کے ساتھ معائنے، مزدوروں اور مُحلے میں آ گاہی کی بڑھانا، صفائی ستھرائی کیلئے اقدامات، ہنگامی حالات سے نبٹنا اور امدادی طریقہ کار، صفائی ستھری کیلئے مناسب سہولیات، پینے کا پانی، اور مزدوروں کیلئے کچرے کی ٹوکریوں کا انتظام جیسے اقدامات کئے جائیں گے۔

ES-13 ذیلی منصوبے پر عملدرآمد سے متعلقہ ذیلی منصوبے کے حوالے سے شکایت کے ازالے کیلئے طریقہ کار برائے ازالہ شکایات (GRM) کو بھی تجویز کیا گیا ہے۔ GRM اس منصوبے سے بہرہ مند ہونے والے افراد کے براہ راست یا بالواسطہ طریقے سے حقوق کی حفاظت کرتے ہوئے اس منصوبے کے دیگر متعلقین کی پریشانیوں اور شکایات کا ازالہ کریگا۔ GRM کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ KNIP کا یونٹ برائے عمل درآمد (PIU) اس منصوبے سے متاثرہ آبادیوں کیلئے با آسانی دستیاب ہو، بالخصوص عدم تحفظ کا شکار گروہوں کیلئے، اور اس کے علاوہ یہ کہ متعلقین اور منصوبے سے متعلق شکایات کے نظم کی نگرانی کریگا اور GRM کی مکمل طور پر ذمہ داری اس پر ہی ہوگی ۔

ES-14 GRM عالمی بینک کے نوٹ برائے عمدہ کارکردگی (Good Practice Note) کی شرائط اور صنعتی بنیاد پر ہونے والے تشدد (GBV) اور اس ہی طرح مقامی قوانین بشمول جائے ملازمت پر خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ کا قانون 2010 سے مطابقت رکھے گا تا کہ کمیونٹی کی فکرات کو، اندیشہ جات کے انتظام کو، کام کی جگہوں پر خواتین کو ہراساں کرنے کو کم سے کم کرنے کیلئے یقینی بنایا جاسکے اور ماحولیاتی اور معاشرتی فوائد کو زیادہ سے زیادہ حاصل کیا جاسکے۔

ES-15 ذیلی منصوبے کے متعلقین کے ساتھ مشاورتی ملاقاتوں، مرتکز موضوعاتی گروہی مباحثے

(FGD) اور عمیق مصاحبت (IDI) کے ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے مشاورت کی گئی۔ ان متعلقین میں مقامی آبادیوں بشمول خواتین، رہائشی، کھیلوں کے کلب، نوجوانوں کے کلب، کھیل کے میدانوں کے ناظمین / انجمین، موبائیل بیچنے والے، ٹھیلوں کے مالکان اور سرکاری محکمہ جات شامل ہے۔ اس تمام مشاورت کا مقصد یہ تھا کہ تمام متعلقین سے اس ذیلی منصوبے کا تصورتی خاکے کا تبادلہ کیا جائے اور انکی رائے کو اس ذیلی منصوبے کی تدارکی تدابیر (منصوبہ سازی اور ڈیزائن کی تشکیل) میں شامل کیا جا سکے اور اس ذیلی منصوبے کے تحت ہونیوالی تدارکی تدابیر کیلئے ان کی رضا مندی حاصل کی جا سکے۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اس ذیلی منصوبے کے حوالے سے ان کی معروضات، تجاویز اور سفارشات کو ضبط تحریر میں لایا جا سکے۔ تمام شرکاء نے اس کا اظہار کیا کہ کھیل کے میدان کی موجودہ حالت بہت ہی خراب ہے تماشائیوں کیلئے بنیادی ڈھانچے کی عدم دستیابی اور مناسب سہولیات کی کمی اس میدان کے بنیادی مسائل ہیں۔ شرکاء نے ان ترقیاتی مقاصد اور تدارکی تدابیر کی بہت پزیرائی کی۔ جہاں جہاں ہوسکا متعلقین کی آراء اور انکے تفکرات کو اہمیت دی گئی اور ڈیزائن میں مناسب تبدیلی کر کے معاملات کو حل کیا گیا۔ سہولیات فراہم کرنے والے محکمہ جات کے شرکاء نے اصرار کیا کہ اس منصوبے کو بنانے والوں اور دوسرے محکمہ جات کے درمیان عملی ہم آہنگی تعمیراتی مرحلے کے دوران ہی قائم ہو جانی چاہیئے۔